**SET-4**

**Series HMJ**

کوڈ نمبر **Code No. 30**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **12** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔
- کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **12** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

وقت : ۳ گھنٹے

کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 80*

## (حصہ۔الف)

1۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے ۔ 10

(الف)

"نقل مکانی مجھے وراثت میں ملی ہے۔اب میں عارضی طور پر اس جگہ کی طرف لوٹ رہا ہوں جہاں میرے کئی بزرگوں اور عزیزوں نے آخری سانسیں لی تھیں۔جس مکان میں میری ماں نے جان دی تھی اور جس کی شکل بھی مجھے یاد نہیں ہے کیونکہ تب میں صرف دو اڑھائی سال کا تھا۔اسی مکان میں اسے پھر سے تلاش کروں گا۔میں بھی اسی مکان میں پیدا ہوا تھا۔لاہور میں جوان ہوا تھا۔اور وہاں سے جوان ہی ہو کر آیا تھا۔اب چھپّن برس کی عمر میں وہاں لوٹ رہا ہوں۔میرے بچپن اور بڑھاپے کے درمیان عمر کا یہ فاصلہ کس قدر طویل ہو گیا تھا، جواب ریل کی رفتار کے ساتھ لمحہ بہ لمحہ سمٹتا جا رہا ہے، کم ہوتا جا رہا ہے۔اسی فاصلے کو میں بے شمار بار خوابوں کی مدد سے آناً فاناً لانگھ گیا۔خوابوں کے سامنے سرحدیں اور فاصلے کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔میں اپنے ماضی کے ساتھ اس لیے ابھی تک جڑا رہا ہوں کہ وہ میرے خوابوں میں اپنی اصلی حالت میں ابھی تک موجود رہا ہے۔میں نے اتنا عرصہ خوابوں کے ساتھ جینا سیکھا ہے۔میں نے اپنے ماضی کو بھلانے کی کبھی کوشش کی تو یہ اچانک میری کسی نہ کسی کہانی میں گھس کر بیٹھ گیا۔ماضی انسان کی پہچان بن جاتا ہے۔یہ نہ ہو تو وہ

بالکل اجنبی بن جائے۔کسی دوسری ہی دنیا کا انسان جس کے پاؤں زمین کے ساتھ نہیں لگے ہوں گے۔ماضی ہماری زمین ہے اور زمین ہی کے ساتھ ہم نے ہمیشہ گہرا رشتہ قائم کر رکھا ہے ۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) مصنف عارضی طور پر کس جگہ کی طرف لوٹ رہا ہے؟

(iii) مصنف ماضی کے ساتھ ابھی تک کس لیے جڑا رہا ؟

(iv) مصنف نے ماضی کے بارے میں کیا کہا ہے ؟

(v) درج ذیل کے معنی لکھیے:

نقلِ مکانی ۔ آناً فاناً

(ب)

''بڑے بحث و مباحثے کے بعد یہ پتہ چلا کہ مالدار ہونے کی یہ بیماری اس لیے ہے کہ لوگ رات کو سوتے ہیں اور سویرے اٹھ کر تکیہ ہٹاتے ہیں تو روز دو لاکھ پاتے ہیں۔اس بات پر جب اور تحقیق کی گئی تو پتہ چلا کہ دیوی نے یہ شرط لگائی تھی کہ جو صبح سو کر اٹھے گا اس کے تکیہ کے نیچے سے یہ دولت نکلے گی۔اس کی تصدیق کے لیے حکومت نے تجربہ کے طور پر کچھ لوگوں کو ایک رات جگائے رکھا اور صبح ہونے پر سوئے بغیر ان لوگوں نے جب اپنے تکیے کو ہٹایا تو وہاں کچھ بھی نہ

تھا۔ یہ دیکھ کر حکومت کو کافی تسلّی ہوئی۔ اس نے ملک کے چوٹی کے سائنٹسٹوں کو جمع کیا اور ان کے سامنے یہ مسئلہ رکھا کہ اگر اس ملک کو تباہی سے بچانا ہے تو ملک میں دولت کی اس بیہودہ تقسیم کو ختم کرنا ہی ہوگا۔ دولت تو کمانے کی چیز ہے جو پڑی مل جائے اور وہ بھی ایک ہی وقت میں سب کو مل جائے، اسے خدا کا عذاب کہا جائے گا، دولت نہیں۔ سائنس دانوں نے اس سلسلے میں حکومت کے خیال کی تائید کی تو طے پایا کہ کوئی ایسی دوا ایجاد کی جائے جو لوگوں کی راتوں کی نیند چھین لے۔ بڑی عرق ریزی کے بعد سائنس دانوں نے ایک ایسا انجکشن تیار کیا جس کے لگانے سے آدمی کو مہینوں نیند نہ آئے۔ ان انجکشنوں کو سرکاری اسپتالوں میں گلوکوز کے نام سے پہنچایا گیا۔ جہاں ہزاروں شہریوں کو سرکاری کارندے روز پکڑ کر لاتے اور انھیں یہ گلوکوز چڑھا دیا جاتا۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس ملک کی آدھی سے زیادہ آبادی نے رات کو سونا چھوڑ دیا اور وہ کچھ ہی دنوں میں کنگال ہوگئی۔ یہ آبادی راتوں کو جاگتی اور دن بھر اپنی مفلسی پر آہیں بھرتی تھی۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) لوگوں کے مالدار ہونے کی وجہ کیا تھی؟

(iii) حکومت نے کیا تجربہ کیا؟

(iv) سائنس دانوں نے کیا دوا ایجاد کی اور کیوں؟

(v) ملک کی آدھی سے زیادہ آبادی کیوں کنگال ہوگئی؟

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو (100) الفاظ میں جواب لکھیے۔ 5

(i) خطوط غالب کی خصوصیات کیا ہیں؟

(ii) افسانہ 'فوٹو گرافر' کی روشنی میں قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

3۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 5

(i) سگھ مدرسے میں رہنے والی بچی لالی کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

(ii) فصل پک جانے پر ہوری کیوں خوش تھا؟

(iii) احتشام حسین نے آزاد اور خوجی کے کرداروں میں کن مختلف پہلوؤں کی نشاندہی کی ہے؟

(iv) ''مچھر جانتا ہے کہ دشمن کے دوست بھی دشمن ہوتے ہیں''؟ خواجہ حسن نظامی کے اس جملے کی وضاحت کیجیے؟

## (حصہ۔ ب)

4۔ درج ذیل شعری حصوں میں سے کسی ایک کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 10

## (الف)

ہیں تیرے تصرف میں یہ بادل، یہ گھٹائیں
یہ گنبدِ افلاک ، یہ خاموش فضائیں
یہ کوہ ، یہ صحرا ، یہ سمندر ، یہ ہوائیں
تھیں پیشِ نظر کل تو فرشتوں کی ادائیں
آئینۂ ایّام میں آج اپنی ادا دیکھ

سمجھے گا زمانہ تیری آنکھوں کے اشارے
دیکھیں گے تجھے دُور سے گردوں کے اشارے
نا پید تیرے بحرِ تخیّل کے کنارے
پہنچیں گے فلک تک تیری آہوں کے شرارے
تعمیرِ خودی کر ،اثرِ آہِ رسا دیکھ

(i) یہ بند کس نظم سے لیے گئے ہیں اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) شاعر کے مطابق انسان کے تصرف میں کیا کیا چیزیں ہیں؟

(iii) ”آئینۂ ایّام میں آج اپنی ادا دیکھ“ سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) آسمان پر چمکنے والے ستارے انسان کو دور سے کیوں دیکھیں گے؟

(v) تعمیرِ خودی کا کیا مطلب ہے؟

(ب)

جب لگیں زخم تو قاتل کو دعا دی جائے
ہے یہی رسم تو یہ رسم اٹھا دی جائے

دیتے ہیں سراغ فصلِ گل کا
شاخوں پہ جلے ہوئے بسیرے

حسن وعشق کی لاگ میں اکثر چھیڑ اُدھر سے ہوتی ہے
شمع کا شعلہ جب لہرایا اُڑ کے چلا پروانہ بھی

اب بھاگتے ہیں سایۂ عشقِ بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

(i) شاعر کس رسم کو اٹھانے کی بات کر رہا ہے؟

(ii) شاخون پہ جلے ہوئے بسیرے کس بات کا پتا دیتے ہیں؟

(iii) حسن وعشق کی لاگ میں کیا ہوتا ہے؟

(iv) شاعر عشقِ بتاں سے کیوں بھاگتا ہے؟

(v) راہ کے غم سے کیا مراد ہے؟

5. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ 5

(i) نظم طباطبائی نے ''گورِ غریباں'' میں زندگی کی کس حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(ii) حالی کی شاعرانہ خصوصیات کیا ہیں؟

6. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 5

(i) سرخ پرچم کس بات کی علامت ہے؟

(ii) نظم 'زندگی سے ڈرتے ہو' میں کیا پیغام ملتا ہے؟

(iii) آرزو لکھنوی کے شاعرانہ امتیازات بیان کیجیے؟

(iv) رستے میں ڈیرے جما لینے کا کیا مطلب ہے؟

## (حصہ۔ج)

7. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ 4

(i) ناول 'بیوہ' کے ذریعے پریم چند ہمیں کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟

(ii) کہانی 'کلرک کی موت' کا خلاصہ لکھیے؟

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

(i) افسانہ ''جلتی جھاڑی''میں بوڑھے مچھوارے کی تصویر کشی کس انداز میں کی گئی ہے؟

(ii) ڈرامے کے اجزائے ترکیبی کی وضاحت کیجیے؟

(iii) انشائیہ 'مرحوم کی یاد میں' مرحوم کس کو کہا گیا ہے اور کیوں؟

(iv) افسانہ 'جنم دن' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

## (حصہ۔د)

9۔ درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے۔ 15

(i) دبستانِ لکھنؤ کی شاعرانہ خصوصیات کیا ہیں؟

(ii) ترقی پسند تحریک پر تعارفی نوٹ لکھیے؟

(iii) افسانہ نگاری کی روایت اور اہمیت پر روشنی ڈالیے؟

(iv) مزاح نگاری میں پطرس بخاری کا مقام کیا ہے؟

(v) تنقیدی مضمون کسے کہتے ہیں؟

10 -10 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔

(i) اُردو زبان کے آغاز سے متعلق کوئی دو نظریات تفصیل سے لکھیے؟

(ii) فورٹ ولیم کالج کے قیام کے مقاصد کیا تھے؟

(iii) انشائیہ نگاری کی تعریف اور روایت پر روشنی ڈالیے؟

(iv) اقبال کی شاعری کے امتیازات کیا ہیں؟

5 -11 درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

(i) کہانی 'کلرک کی موت' کا تخلیق کار کون ہے؟

(a) بلونت سنگھ

(b) چے خف

(c) سریندر پرکاش

(ii) ان میں سے کون شاعر نہیں ہے؟

(a) غالبؔ

(b) اخترالایمان

(c) قرۃالعین حیدر

(iii) خوجی کس ناول کا کردار ہے؟

(a) فسانۂ آزاد

(b) فسانۂ عجائب

(c) فسانۂ مبتلا

(iv) 'مرحوم کی یاد میں' کس کا انشائیہ ہے؟

(a) خواجہ حسن نظامی

(b) پطرس بخاری

(c) کرشن چندر

(v) 'پودے' کا تعلق ادب کی کس صنف سے ہے ؟

(a) سفرنامہ

(b) سوانح

(c) رپورتاژ